Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

کرپشن کے سب سے بڑے مقدمے میں سزا یافتہ ایک قومی مجرم کیلئے نظامِ انصاف کا قتل

پاکستان تحریک انصاف نے جاتی امراء کے قزاق کیلئے عدالتی کارروائیوں کے سلسلے کو نظامِ انصاف کیلئے شرمناک، ذلّت آمیز اور تباہ کن قرار دے دیا۔ پچھلے ایک ہفتے کے دوران پاکستان کے نظامِ انصاف کو جاتی امراء کے قزاقوں کی لونڈی بنا دیا گیا ہے،

پوری قوم شرمناک حد تک یکطرفہ، امتیاز و جانبداریت سے بھرپور اور ذلّت آمیز حد تک مفلوج انصاف کا نظّارہ کر رہی ہے،

ریاست تو پہلے ہی مجرموں کی سرپرستی سے منہ کالا کر چکی تھی، آج قوم عدل کی آنکھ سے حیا کو بھی رخصت ہوتے دیکھ رہی ہے،

دستور و اسلام کی روح کو مجروح کرتے ہوئے نوجوان نسل کو نظام سے قبولیت کے حصول کیلئے جرم، کرپشن، غنڈہ گردی اور ضمیر فروشی کی راہ دکھائی جا رہی ہے، ریاست آئندہ نسلوں کو پیغام دے رہی ہے کہ اگر آپ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، دیانتداری اور پاکستان کو اپنی زندگیوں پر مقدّم رکھتے ہیں تو ریاستی قہر آپ کا مقدر ہو گا،

ریاست کا نوجوانوں کیلئے پیغام ہے کہ اگر آپ جمہوریت کا نام لیں گے تو کوئی عدالت آپ کے بنیادی حقوق کے تحفظ کیلئے قدم آگے نہیں بڑھائے گی، ریاست آئندہ نسلوں کو متنبہ کر رہی ہے کہ اگر عمران خان کیطرح آپ کا جینا مرنا پاکستان ہے تو جعلی جھوٹے مقدمے اور موت کی چکّیاں آپ کا ٹھکانہ ہیں،

ریاست کا پیغام ہے کہ اگر آپ چھوٹے چور ہیں تو آپ سے مجرموں کیطرح نمٹا جائے گا اور اگر بڑے ڈاکو ہیں تو آپ کو حکمران بنایا جائے گا، چوروں کا وہ ٹبر جو پچھلے 7 سال سے حرام سے جمع کی گئی اپنی دولت کی رسیدیں پیش نہیں کر سکا، نیب اور عدالتوں کو اس کے قدموں میں ڈال دیا گیا ہے، چوروں کو این آر او نہ دینے، چوری پر آنکھیں بند نہ کرنے اور ان کے ریاستی سرپرستوں سے دستور کے احترام کا تقاضہ کرنے پر قوم کے صادق و امین قائد کو ننگے انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے،

ریاست کے لاڈلے مجرموں سے ہاتھ نہ ملانے پر قوم کے غیرت مند اور بہادر لیڈر کو متعصّب اور بے ضمیر ججوں کے ہاتھوں صریح بے انصافی کے نشانے پر رکھا جا رہا ہے، عدلیہ کے عملی انہدام کے بعد قوم کو ریاست پر قابض مجرموں اور ان کے مذموم عزائم کے تدارک کیلئے متحرک ہونا ہو گا، لاقانونیّت کے بعد پاکستان کو بے انصافی کی زنجیروں میں جکڑ کر سیاسی درندوں کی عیاشیوں کا سامان کرنے کی کسی کوشش کو قوم قبول نہیں کرے گی،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ